# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 27 August 2026**
**Time : 09:25 / AM**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ انوارالحق۔

نیپال

نیپال میں کل صبح زلزلے کے بعد آئے اچانک سیلابی ریلے میں تقریباً **160** افراد مارے گئے ہیں جبکہ **133** بھارتیوں سمیت **750** سے زائد افراد لاپتہ ہوگئے ہیں۔ سیلاب کے نتیجے میں سرکاری اورعوامی املاک کو بھی کافی نقصان پہنچا ہے۔ بھارت نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دس ٹن ریلیف کا سازوسامان نیپال روانہ کیا ہے۔

**PM** کھیلو انڈیا

وزیر اعظم نریندر مودی آج ملک بھر میں منعقد کئے جانے والے کھیلو انڈیا ڈائیلاگ سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کریں گے۔ یہ تقریب نیشنل سپورٹس ڈے کی مناسبت سے میرا یوا بھارت کے اہتمام سے منعقد کی جارہی ہے۔ تقریب کیلئے سبھی ریاستوں اور یوٹیز کے تمام اضلاع میں دو دو کالج منتخب کئے گئے ہیں، جن میں نوجوان اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

نیتی آیوگ

نیتی آیوگ کے ممبر ڈاکٹر ایم سری نواس کی سربراہی میں آیوگ کی ایک ٹیم جموں وکشمیر کے دورے پر کل سرینگر پہنچ گئی۔ سرینگر پہنچنے کے فوراً بعد ٹیم کے ارکان نے لوک بھون میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ ٹیم نے یوٹی کے مجموعی ترقی منظرنامے کے جامع جائزے کے بارے میں ایل جی کو

مفصل جانکاری دی۔ڈاکٹر سری نواس نے مختلف پروجیکٹوں کے تعلق سے حصولیابیوں کے بارے میں تفصیلات دیتے ہوئے مختلف شعبوں میں ترقی کے عمل کو مزید تیز کرنے کیلئے کئی تجاویز ایل جی کے سامنے رکھیں۔لیفٹننٹ گورنر نے نیتی آیوگ کی جانب سے جائزہ رپورٹ تیار کرنے پر آیوگ کی سراہنا کی اور حالیہ برسوں کے دوران یوٹی میں شروع کئے گئے ترقیاتی اہداف کے بارے میں آیوگ کے ارکان کو آگاہ کیا۔آیوگ کے ارکان آج SKICC سرینگر میں یوٹی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کے ساتھ میٹنگ کررہے ہیں۔

## LG ملاقات

کپواڑہ کے ممبر اسمبلی میر محمد فیاض نے سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کی کئی ترقیاتی ضروریات کے بارے میں ایل جی کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔دریں اثناء جموں فلم فیسٹول کے فیسٹول ڈائریکٹر روہت بھٹ نے لوک بھون سرینگر میں ایل جی کے ساتھ ملاقات کرکے انہیں 28 اور 29 ستمبر کو منعقد ہونے والے جموں فلم فیسٹول کے پانچویں شمارے کیلئے تیاریوں کے بارے میں جانکاری دی۔

## تعزیت

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے پونچھ ضلعے کے سرنکوٹ میں پیش آئے سڑک حادثے میں انسانوں جانوں کے زیاں پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہمدردی ظاہر کرتے ہوئے اس حادثے میں زخمی ہوئے افراد کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی ہے۔جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جاچکی ہے کہ سرنکوٹ میں کل ایک سڑک حادثے میں 6 افراد از جان اور دیگر کئی زخمی ہوگئے ہیں۔

## ہتھیار برآمد

کولگام میں فوج ،پولیس اور CRPF نے ایک مشترکہ کاروائی کے دوران کئی ہتھیار برآمد کئے ہیں۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے فوجی ذرائع کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ ضلعے کے بوگام علاقے میں ایک تلاشی کاروائی کے دوران 4 پستول، 4 میگزین، 2 ہتھ گولے اور کچھ گولی بارود برآمد کیا گیا۔اس سلسلے

میں پانچ شک آور افراد کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔

میلاد

عیدمیلادالنبی ﷺ کے دوسرے دن آج بھی وادی کی بیشتر مساجد، خانقاہوں اور بقعہ جات میں میلاد مجالس کا انعقاد ہو رہا ہے، جن میں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد کی شرکت متوقع ہے۔آثار شریف درگاہ حضرتبل اور دیگر بقعہ جات میں آج بھی نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضورﷺ اور دیگر تبرکات کی زیارت کرائی جا رہی ہے۔

عرس

بلند پایہ ولی حضرت سید محمد علی عالی بلخی رحمتہ اللہ کا سالانہ عرس مبارک کل 28 اگست کو منایا جا رہا ہے۔اس سلسلے میں آج اُن کے آستان عالیہ واقع پکھر پورہ میں نماز عشاء کے بعد شب بیداری کی مجلس منعقد ہوگی۔کل نماز پنجگانہ کے بعد وہاں تبرکات کی زیارت کرائی جائے گی۔

میلہ

مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ کے کرگل ضلعے میں منعقد کیا گیا دو روزہ سرو میلہ آج اختتام پذیر ہو رہا ہے۔اس میلے میں مقامی لوگوں کے علاوہ ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کی ایک بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔میلے کے دوران کئی روائتی کھیلوں اور ثقافتی پروگراموں کا اہتمام بھی کیا جا رہا ہے۔یہ میلہ نُن کن پہاڑی کے دامن میں واقع سیاحتی مقام DAMSNA میں منعقد کیا گیا ہے، جس کا افتتاح کل لداخ خود مختار پہاڑی ترقیاتی کونسل کرگل کے چیف ایگزیکٹیو کونسلر ڈاکٹر محمد جعفر آخون نے کیا۔

**NTA**

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے UGC-NET کے 84 مضامین، CSIR-NET, ICAR-PG اور AICE-PHD کے امتحانات کی حتمی Answer key اور ان امتحانات کے نتائج رواں ہفتے کے دوران ظاہر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر یہ اطلاع دیتے ہوئے ایجنسی نے کہا ہے کہ Answer key اور نتائج NTA کی آفیشل ویب سائٹ پر دستیاب رہیں گے۔

**ICMR**

مرکزی سرکار ایک منظم نگرانی لائحہ عمل کے ذریعے ملک میں موسمی انفلونزا کی صورتحال پر لگاتار نظر رکھے ہوئی ہے۔نئی دلی میں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے ہیلتھ ریسرچ محکمے کے سیکرٹری اور **ICMR** کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر راجیو بہل نے کہا کہ ابھی تک انفلونزا کی کسی نئے ویرینٹ کی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ بزرگ افراد کو احتیاط برتنی چاہئے۔موصوف نے مزید کہا کہ لوگوں کو باخبر رہنا چاہئے تاہم اس سلسلے میں گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **18** اعشاریہ **2** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24** اعشاریہ **5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔